سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# داڑھی رکھنا

12 فروری 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **داڑھی رکھنے** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **تیل لگاتے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الکَرِیْم!

## داڑھی رکھنا

### دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم: تم مجھ پر درود پڑھو بے شک یہ تمہارے لیے پاکیزگی ہے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

### نیک اعمال نمبر 27

امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ہمیں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے لیے سوالات کی صورت میں اسلامی بھائی، اسلامی بہنوں اور طُلَبا و غیرہ کے لیے مختلف **نیک اعمال** کے رسائل عطا فرمائے ہیں تاکہ ہم ان سوالات کے ذریعے اپنا جائزہ لیتے ہوئے زیادہ سے زیادہ نیکیاں کریں اور گناہوں سے دور رہیں۔ آج ہم اسلامی بھائیوں کو عطا کردہ **72 نیک اعمال** کے رسالے سے **نیک عمل نمبر: 27** کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر 27:** ایک مشت **داڑھی رکھنا** واجب ہے۔ آج آپ نے خدا نخواستہ **داڑھی منڈانے** یا **ایک مشت سے گھٹانے** کا گناہ تو نہیں کیا؟[2]

---

1 ... مسند امام احمد، مسند ابی ھریرہ، جلد: 4، صفحہ: 409، حدیث: 904۔

2 ... نیک اعمال، صفحہ: 8۔

## داڑھی کسے کہتے ہیں؟

کنپٹیوں، جبڑوں اور ٹھوڑی پر اُگنے والے بالوں کو **داڑھی** کہتے ہیں۔[1]

**وضاحت:** ❁ کان اور آنکھ کی درمیانی جگہ انگلی سے ٹٹولیں تو ایک اُبھری ہوئی ہڈی محسوس ہوگی، اسے کنپٹی کہتے ہیں، اس کے نیچے جبڑے کی ہڈی ہے، جس کے اُوپر کی جانِب مُنہ کے اندر دانت اُگتے ہیں، اسی ہڈی کا وہ حِصّہ جو ہونٹوں کے نیچے واقع ہے، اسے ٹھوڑی کہا جاتا ہے۔ ان تینوں ہڈیوں پر جو بال اُگتے ہیں، وہ داڑھی ہے ❁ نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان کچھ بال ہوتے ہیں، انہیں عربی میں عَنْفَقَہ اور اُردو میں بُچّی کہا جاتا ہے، یہ بھی داڑھی میں داخِل ہیں ❁ بعض لوگوں کے کانوں پر رونگٹے ہوتے ہیں، یونہی گالوں پر باریک باریک بال کسی کے کم اور کسی کے آنکھوں تک نکلتے ہیں، یہ داڑھی میں شامِل نہیں۔[2] ❁ اسی طرح ٹھوڑی کے نیچے گلے پر بال اُگتے ہیں، وہ بھی داڑھی کا حِصَّہ نہیں ہیں۔[3]

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ اَوْفُوا اللِّحٰى ، وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ

**ترجمہ:** غیر مسلموں کی مخالفت کرو...! داڑھیاں بڑھاؤ...! اور مونچھیں خوب پست رکھو...![4]

## داڑھی رکھنے کے متعلق مختلف احکام

(1): ایک مُشت یعنی 4 اُنگل داڑھی رکھنا واجِب ہے۔[5] (2): داڑھی مُنڈانا یا ایک مٹھی سے کم کروانا ناجائز و حرام ہے۔[6] (3): داڑھی ایک مشت سے کم کروانا بھی حرام ہونے میں مُنڈانے (یعنی بالکل صاف کروادینے) ہی کی طرح ہے۔ اگرچہ مُنڈانا خبیث تَر (یعنی زیادہ بُرا) ہے۔[7] (4): بُچّی کے بال بھی داڑھی

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 596 ملخصاً۔
2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 596 ملخصاً۔
3 ... وقار الفتاویٰ، جلد: 1، صفحہ: 142 ماخوذاً۔
4 ... شرح السنۃ، کتاب اللباس، باب الشارب، جلد: 7، صفحہ: 79، حدیث: 3193۔
5 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 689 بتغیر قلیل۔
6 ... بہار شریعت، جلد: 3، صفحہ: 585، حصہ: 16۔
7 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 689 بتغیر قلیل۔

میں شامِل ہیں، ان کو کاٹنا بھی جائز نہیں۔[1] (5): بُچّی (یعنی نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان) کے بال اتنے لمبے ہو جائیں کہ کچھ کھاتے پیتے مُنہ میں آئیں تو اب انہیں قینچی سے کتر وانا (یعنی تھوڑا چھوٹا کروالینا) جائز ہے۔[2] (6): حدِّ شرع (یعنی ایک مٹھی) سے زیادہ اتنی لمبی داڑھی رکھنا کہ چہرہ بد نُما لگے، خِلافِ سُنّت و مکروہ ہے۔[3] (7): داڑھی مُنڈانے یا خَشْخَشِی (یعنی ایک مٹھی سے کم رکھنے) والے کے پیچھے نماز مکروہِ تحریمی ہے، یعنی پڑھنا گُناہ اور پڑھ لی تو اسے دہرانا واجب ہے۔[4] (8): داڑھی کی توہین کرنا یا اس کا مذاق اُڑانا کفر ہے۔[5] (9): مو نچھیں اتنی بڑھانا کہ مُنہ میں آئیں حرام و گُناہ اور غیر مسلموں کا طریقہ ہے۔[6]

## داڑھی رکھنے کے فضائل و فوائد

❁ داڑھی رکھنا انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلام کی سُنَّت ہے ❁ داڑھی مرد کی زینت ہے ❁ داڑھی رکھنے سے عزت و وقار میں اضافہ ہوتا ہے ❁ داڑھی رکھنے سے جِلد کی بیماریوں سے حفاظت ہوتی ہے ❁ داڑھی گلے اور سینے تک نقصان دینے والے جراثیم کو روکتی ہے ❁ داڑھی دَمہ اور پھیپھڑوں کی بیماری سے محفوظ رکھتی ہے ❁ داڑھی خناق (Croup) کی بیماری سے بچاتی ہے۔

## داڑھی منڈانے کے نقصانات

❁ داڑھی منڈانا چہرے کے فطرتی حُسن کو کم کر دیتا ہے ❁ داڑھی منڈانے سے ❋.. جلد ❋.. پھیپھڑوں اور ❋.. دَمے کی بیماری کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔

## سنت کے مطابق داڑھی رکھنے کا ذہن کیسے بنے

❁ دُرُست اور معتبر ذرائع سے، مستند اور عاشقانِ رسول عُلَمائے کرام سے عِلْمِ دِین سیکھئے! ❁ سُنتوں

---

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 598 ملخصاً۔
2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 599 ملخصاً۔
3 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 581 ملخصاً۔
4 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 6، صفحہ: 544۔
6 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 574 بتغیر قلیل۔
6 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 22، صفحہ: 684 بتغیر قلیل۔

سے رِشتہ جوڑیئے اور ہر وہ فیشن جو شرعاً ناجائز ہو، اس سے بچتے ہی رہئے کہ قبر و آخرت میں فیشن نہیں بلکہ سُنّتوں پر عَمَل کام آئے گا ۞ دِل میں خوفِ خُدا و عشقِ مصطفےٰ بڑھایئے! ۞ فُضُول حیلے بہانوں سے بچئے کہ زبان کی تیزی اور یہ حیلے آج لوگوں کو چُپ تو کرواسکتے ہیں، مگر قبر و آخرت کے عذاب سے بچا نہیں پائیں گے۔

**نوٹ:** داڑھی، جسم کے دیگر بالوں اور زینت وغیرہ کے تفصیلی احکام جاننے کے لئے ❋.. مکتبۃ المدینہ کی کتاب **بہارِ شریعت**، جلد:3، حصہ:16، صفحہ:579 سے 589 ❋.. **زینت کے شرعی احکام** اور ❋.. شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا رسالہ **کالے بچھو** پڑھ لیجئے!

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:27 **داڑھی رکھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، اگر کسی سے داڑھی منڈانے یا ایک مُشت سے کم کرنے کا گناہ ہوا ہو تو آج ہی توبہ کیجئے اور نیت کیجئے! آئندہ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! سُنَّت کے مطابق چہرے پر ایک مشت داڑھی سجائیں گے۔

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّن صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### تیل لگاتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

**ترجمہ:** اللہ پاک کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: جو بغیر بِسْمِ اللہ پڑھے تیل لگائے تو اس کے ساتھ 70 شیطان شامل ہو جاتے ہیں۔ (1)

---

1 ... عمل الیوم واللیلہ، صفحہ:62، حدیث:78۔

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسراف سے بچے؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52): زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53): فضول باتوں سے بچے؟ (54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55): عمامہ

شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞لکھ کر گفتگو12 مرتبہ ۞اشارے سے گفتگو12 مرتبہ ۞نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟